© rasailojaraid.com



خدمت خلق کے حوالے سے معروف تھے۔ بلدیہ پشاور کے کونسلر منتخب ہونے پر اصلاحِ معاشرہ، منکرات کے خاتمے اور امن وامان کے لیے 'علما کمیٹی براے اصلاحِ معاشرہ' قائم کی اور مثالی جدوجہد کے ذریعے شاہی باغ یونین کونسل کو مثالی حلقہ بنا دیا۔ جماعت اسلامی کے ہفتہ وار اجتماع کے خصوصی اہتمام، محلے و مسجد کی سطح پر کام، دارالمطالعے، ڈسپنسریوں اور خدمت خلق، نیز علماے کرام اور مؤثر لوگوں سے خصوصی رابطہ و تعلّق کی بنا پر جماعت کے کام کو وسیع پیمانے پر آگے بڑھایا۔ دینی مدارس کے قیام اور انفاق فی سبیل اللہ سے خصوصی شغف تھا اور بڑے مہمان نواز تھے۔ کتاب میں اہلِ خانہ، دوست احباب اور تحریکی رفقا کے تاثرات بھی دیے گئے ہیں جن سے ان کی شخصیت کے مختلف گوشے سامنے آتے ہیں۔ آخر میں غوث الرحمٰن شہید، مکرم صافی شہید، ملک حسام الدین شہید، گل نذیر شہید اور غلام سرور شہید کا تذکرہ ہے جو حاجی گل شہید کے ساتھ شہید ہوئے تھے۔ کتاب ایک مثالی کارکن کا تذکرہ ہے جو دوسروں کے لیے تحریک کا باعث ہے۔ (امجد عباسی)

## تعارف کتب

◉ قرآن کے کثیر المعانی الفاظ، صابر شاہ فاروقی۔ ناشر: مکتبہ تطہیر افکار، مرکز اسلامی، جی ٹی روڈ، پشاور۔ صفحات: ۵۸۸۔ قیمت: ۵۷۰ روپے۔ [قرآنِ مجید میں مستعمل اُن مادوں اور الفاظ کو حروفِ تہجی کے اعتبار سے زیربحث لایا گیا ہے جو کثیر المعانی ہیں، اور ان کے متفرق اساسی معانی کو مختلف لُغات کی مدد سے اُجاگر کیا گیا ہے، نیز آیاتِ قرآنی دی گئی ہیں جن میں یہ الفاظ مختلف معانی کے لیے استعمال ہوئے ہیں۔ حصہ اوّل ہمزہ سے شین تک کے الفاظ پر مشتمل ہے۔]

◉ مجلہ نقطۂ نظر، (اکتوبر ۲۰۱۲ء- مارچ ۲۰۱۳ء)، مدیر: سفیر اختر۔ ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، گلی نمبر ۸، سیکٹر ۳/۶-ایف، اسلام آباد۔ فون: ۸۴۳۸۳۹۰۱-۰۵۱۔ صفحات: ۶۳۔ قیمت: درج نہیں۔ [نقطۂ نظر، انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز کا شش ماہی مجلّہ ہے جس میں قرآن، حدیث، سیرت النبیؐ، اسلامی افکار و عقائد، تصوف، اسلامی تحریکات، مغرب اور اسلام، تاریخ و سوانح، ادب، لسانیات جیسے متنوع موضوعات کے تحت کتب پر تبصرے شائع کیے جاتے ہیں۔ زیرنظر شمارے میں ○ اندلس میں علمِ حدیث کا ارتقا از محمد احمد زبیری، ○ سیرت نگاری: آغاز و ارتقا، از نگار سجاد ظہیر، ○ عہدِ نبویؐ کا بلدیاتی نظم و نسق، از نجمہ راجا یٰسین، ○ برصغیر میں اہلِ حدیث کی سرگزشت، از محمد اسحاق بھٹی، ○ مقالاتِ جاوید از جاوید اقبال پر تبصرے ہیں۔ 'کتاب نامہ' کے تحت اندلس کے موضوع پر جامع مطالعہ بھی شاملِ اشاعت ہے۔]

© rasailojaraid.com